# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: نثری اصناف ||(9009) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ 1تا4)

سوال1-  آپ بیتی کے عناصر ترکیبی تحریر کریں نیز سرگذشت'' کا موضوعاتی مطالعہ پیش کریں۔ (20)

سوال2-  اردو سوانح عمریوں میں ''زندہ رود'' کو نمایاں مقام حاصل ہونے کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال3-  خاکہ نگاری سے کیا مراد ہے؟ ایک اچھے خاکے کو کن صفات کا حامل ہونا چاہیے؟ (20)

سوال4-  شاہد احمد دہلوی کے شامل نصاب خاکے کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال5-  سفرنامے کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ بیگم اختر ریاض الدین کے سفرناموں کے اہمیت پر تفصیل سے لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ 5تا9)

سوال1-  اردو طنز و مزاح کی تاریخ کو اپنے الفاظ میں قلم بند کریں۔ (20)

سوال2-  مضامین پطرس کو منفرد مقام حاصل ہونے کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال3-  انشائیہ کے خدو خال کیا ہیں؟ کسی ایک انشائیہ نگار کا بھرپور تعارف پیش کریں۔ (20)

سوال4-  اردو میں رپورتاژ کی روایت بیان کرتے ہوئے شاملِ نصاب حصے کی تلخیص پیش کریں۔ (20)

سوال5-  اردو میں مکتوب نگاری کے ارتقا کو بیان کرتے ہوئے مولانا شبلی نعمانی کی مکتوب نگاری کے محاسن بیان کریں۔ (20)